الحکم للہ والملک للہ

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۷ فروری ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸

فہرست مضامین



### حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۲ جنوری ۱۹۱۶ء

مثل رپورٹ مفصل ملاحظہ ہوئی - دفعات دستور حامدیہ مین متعلق حق دخیلکاری جو شرط ادائے لگان واحد تحریر ہی وہ شرط منسوخ کیجاتی ہی - آیندہ مقدمات بیدخلی مین قبضہ اصلی کاشتکار مسلسل سولہ سالہ پر نظر ہوکر فیصلہ دیا جایگا عام اس سے کہ لگان واحد رہا ہو یا نہ رہا ہو - اصل مثل اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مین مرسل ہو - اور نقل حکم صاحب جوڈیشل سکریٹری

بہادر کے پاس بھیجدی جائے کہ دفعہ ۔ دستور حامدیہ مین حسب ضرورت ترمیم کردیجائے۔

(دستخط)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر عرض — نمبر سابقہ

جناب عالی

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے ایک رپورٹ مفصل بھیجی ہے جسمین دکھلایا ہے کہ کاشتکاران کا ذریعہ معاش پیشہ کاشتکاری ہے اور جو کاشتکاری مین جبتک کچھ حق ایسے آسامیون کو نہ حاصل ہون جو انکو اپنے مسکن پر قائم و مضبوط رکھ سکین اور جسکے لالچ سے اپنی آراضی کی قوت پیداوار کو ہر کوشش تدبیر سے بڑھا سکین اسوقت تک آبادی و سرسبزی دیہات علاقہ ریاست ایک متنزل حالت مین رہیگی۔ یہی اسباب ہین جنپر نظر ہوکر دفعہ ۹۸ دستور حامدیہ مین آسامیونکو حق دخیلکاری دیا گیا ہے لیکن وہ ایسی شرط کے ساتھ وابستہ ہے جسکا پورا ہونا قریب قریب ناممکن ہے اسلئے کہ دخیلکاری کے لئے شرط یہ ہے کہ سولہ سال تک اصلی کاشتکار باادائے لگان واحد کاشت کرتا رہے تو دخیلکار ہوگا۔

ریاست مین دہ سالہ بندوبست ہوتا ہے اور بعد ہر بندوبست کے مالگذاری مین کچھ نہ کچھ اضافہ ضرور کرتا ہے جیسا کہ عملدرآمد تجربہ ریاست ہے پس اس حالت مین لگان واحد سولہ سال تک قائم نہین رہ سکتا اس حق دخیلکاری کے حاصل کرنے کی ضرورت سے کاشتکاران تدابیر سے کام لیتے ہین جنسے اخفائے لگان کی صورت پیدا ہوتی ہے۔ یا غیر مکمل معاہدے قائم ہوتے ہین جو خلاف اصول انتظامی ہین اور جنکی وجہ سے نقصان سرکاری مالی انتظامی دونون پیدا ہوجاتے ہین اسکے علاوہ اور بھی وجوہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے تحریر فرماکر لکھا ہے کہ رعایائے ریاست کی حمایت پیدا کرنے اور انکے حقوق قائم کرنے کی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ لہذا جو شرط ادائے لگان واحد دفعہ (۹۸) دستور حامدیہ مین ہے وہ منسوخ کردیجائے اور جو آیندہ مقدمات بیدخلی کسی عدالت مال مین دائر ہون انمین صرف قبضہ اصلی کاشتکار مسلسل سولہ سال کی نظر کرکے فیصلہ دیا جائے عام اس سے کہ لگان واحد رہا ہو یا نہ رہا ہو۔

یہ مفصل رپورٹ مع مشورون کے کمیٹی سکریٹریز مین پیش ہوئی۔ ہم ممبران کمیٹی نے اس ضروری و اہم مسئلہ پر غور کیا باتفاق ہم سب کی رائے ہے کہ بنظر فلاح رعایا و استحکام آبادی علاقہ درخواست صاحب ریونیو سکریٹری بہادر قابل منظوری سرکار ہے۔ آیندہ جیسا حکم ہو۔ اگر یہ تجویز پیشگاہ بندگان عالی دام اقبالہم سے منظور فرمائی جائے تو صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کو حکم دیا جائے کہ وہ دستور حامدیہ کی اس دفعہ کی ترمیم مناسب کردین۔ دولت جاوید باد۔ معروضہ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء

دستخط سکریٹری صاحبان

## ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## اضافہ

۹ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر حسب تحریک صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص پانچروپیہ ماہوار اضافہ بلحاظ کارگزاری و محنت قابلیت حکیم مولوی محمد نبی رجسٹرار کتب خانہ مشاہرہ پینتیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین منظور فرمایا گیا۔

## ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب منشا تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر رخصت یکہفتہ منشی مظفر قیوم

نائب تحصیلدار شاہ آباد کی منظور کی گئی۔

## ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

### اضافہ

۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی احسان اللہ خان ناظر عدالت دیوانی مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات و زیادتی کام منظور کیا گیا۔

۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریک مفتی صاحب دیوانی محمد نوازش علیخان نائب محافظ دفتر دیوانی کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

### رخصت

۲ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء

سید کاظم علی اہلمد فوجداری کی مزید رخصت چھ ماہ منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں انوار رسول محرر محافظخانہ فوجداری کام انجام دیگا۔ اٹھارہ روپیہ تنخواہ سید کاظم علی سے مطالبہ سرکاری بدستور تا بیباقی وضع ہوتا رہیگا۔ بقیہ پانچ روپیہ عوض کو ملینگے۔ باقی رقم سیاہہ ہوگی۔ احمد نبی خان اپرنٹس کا تقرر عوضاً ایک ماہ کیواسطے بجائے انوار رسول امتحاناً منظور کیا گیا۔ آیندہ صاحب مجسٹریٹ ضلع اپرنٹس کا کام دیکھکر رپورٹ کرینگے تو حکم مناسب دیا جائیگا

### رخصت

۵ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم رخصت چار یوم من ابتداء ۶ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء صاحبزادہ سید علی مظفر صاحب بہادر سپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی بغرض روانگی گنج مراد آباد منظور ہوئی۔ ایام رخصت میں کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کریں گے

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

# نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰ جنوری لغایت ۵ فروری ۱۹۱۶ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۰۷ ار | ۱۷ ار | | ۱۷ ار | | ۱۰۲ ار | |
| نخود خالص | ۱۰۹ ار | ۱۰۱۰ ار | | ۱۱۰ ار | | ۱۰۹ ار | |
| نخود کنہ آگین | ۱۱۰ ار | ۱۱۱ ار | | ۱۱۰ ار | | ۱۱۰ ار | |
| کسہ | ۱۰۱۰ ار | ۰ | | ۱۱۰ ار | | ۱۹ ار | |
| ماش | ۱۸ ار | ۱۸ ار | | ۱۰۶ ار | | ۱۸ ار | |
| مونگ | ۱۰۶ ار | ۱۸ ار | | ۰ | | ۱۰۷ ار | |
| مکا | ۱۱۲ ار | ۰ | | ۱۰۱۲ ار | | ۱۱۲ ار | |
| جئی | ۱۱۱ ار | ۰ | | ۰ | | ۱۱۲ ار | |
| گوجئی | ۰ | ۰ | | ۰ | | ۱۰۱۰ ار | |
| عدس | ۱۰۹ ار | ۰ | | ۰ | | ۰ | |
| ارہر | ۱۱۱ ار | ۰ | | ۰ | | ۰ | |
| برنج | ۱۶ ار | ۰ | | ۱۰۶ ار | | ۱۰۷ ار | |
| روغن زرد | ۰۱۸ ار | ۸ ار | | ۰۱۸ ار | | ۰۱۸ ار | |
| روغن سیاہ | ۱۲۰۲ ار | ۱۳۰ ار | | ۱۷ ار | | ۱۳ ار | |
| روغن کنجد | ۱۲۰۱ ار | ۱۰۳ ار | | ۱۰۱ ار | | ۱۲ ار | |
| نمک سانبھر | ۱۰۱۰ ار | ۱۱۳ ار | | ۱۱۲ ار | | ۱۱۲ ار | |
| نمک لاہوری | ۰ | ۱۱۳ ار | | ۱۸ ار | | ۱۱۳ ار | |
| قند سیاہ | ۱۰۵ ار | ۰ | | ۱۰۵ ار | | ۱۶ ار | |
| باجرہ | ۱۱۰ ار | ۱۱۰ ار | | ۱۱۰ ار | | ۱۰۹ ار | |

مطبوعہ پریس ریاست رامپور